الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**muhammad saleem**	Serial No :	**14863**
Address :	**peshawar**	Date :	**3/1/2012**
Subject :	**JOB**	Contact No:	
Writer :	طارق حسین	Email :	

aslamu alikum !

janab mufti sahb mera kzn dubai me telecom company me as a network engineer kam kar raha hi.ye company customer telephome,mobile,internet aor television k services dety hai.
company k employee customer k gar par jaa kar jo services customer demand karta hi usy lagata hi.uder office se mera kza net k through customr k lie internet aor television on karta hai or customer jo channel demand karta hai wo be mera kzn net k through on karta hai agr tv kharab hai to wo be net k through sahi karta hi,
barai mehrubany mujy ye batai k ye nokry hala hai k haram, agar sahi nahi,to pir esy company me sirap customer ka data sahi karna or sirf internet sahi karna customer k lie kaisa hi.

میرا کزن دبئی میں ایک ٹیلی کام کمپنی میں بطور نیٹ ورک انجینئر کام کر رہا ہے۔ یہ کمپنی کسٹمر کو ٹیلیفون، موبائل، انٹرنیٹ اور ٹی وی کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے ملازمین کسٹمر کے گھر جا کر ان کو ان کی مطلوبہ سہولت لگا کر دیتے ہیں۔ میرا کزن دفتر میں انٹرنیٹ کے ذریعہ کسٹمر کے لیے انٹرنیٹ اور ٹی وی آن کرتا ہے اور کسٹمر کو جو چینل مطلوب ہوتا ہے وہ بھی میرا کزن آن کر دیتا ہے اور اگر ٹی وی خراب ہو جائے تو وہ بھی انٹرنیٹ کے ذریعہ ٹھیک کر دیتا ہے۔ کیا یہ نوکری حلال ہے یا حرام؟ اگر حلال نہ ہو تو صرف کسٹمر کا ڈیٹا یا انٹرنیٹ ٹھیک کرنا کیسا ہے؟

الجواب حامداً و مصلیاً

کسٹمر کو ٹی وی چینل فراہم کرنا یا ان کا ٹی وی ٹھیک کرنا اعانت علی المعاصی کے زمرے میں داخل ہونے کی بناء پر جائز نہیں۔ اس لیۓ سائل کے عزیز پر لازم ہے کہ وہ اپنے مذکور کام کی بجائے کوئی دوسرا کام جو جائز اور حلال بھی ہو اختیار کرے اور اب تک اس ملازمت سے جو آمدنی حاصل کی ہے اگر چہ وہ اسے اپنے استعمال میں لا سکتا ہے مگر اس پر ندامت اور توبہ و استغفار بھی چاہیئے جبکہ کسٹمر کا ڈیٹا یا انٹرنیٹ ٹھیک کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

کما فی تفسیر ابن کثیر: و قوله تعالی (و تعاونوا علی البر و التقوی و لاتعاونوا علی الإثم و العدوان) یأمر تعالی عباده المؤمنین بالمعاونة علی فعل الخیرات وهو البر، و ترك المنكرات وهو التقوی و ینهاهم عن التناصر علی الباطل و التعاون علی المآثم و المحارم (ج:۲ ص:۱۰)۔

وفی مشکوۃ المصابیح: عن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم طلب کسب الحلال فریضة بعد الفریضة (ج:۲۴۲)۔

﴿جاری ہے﴾

و فی الدر المختار: فإذا ثبت كراهة لبسها للتختم ثبت كراهة بيعها و صيغها لما فيه من الإعانة على مالايجوز وكل ما أدى الى مالايجوز لايجوز (ج:٦ ص:٣٦٠)والله اعلم

طارق حسين عفی عنه

دارالإفتاء جامعه بنوریه کراچی١٦

٢٢ رجب المرجب ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
[handwritten signature]
دار الافتاء جامعه بنوریه کراچی
٢٣ رجب المرجب ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
[handwritten signature]
دار الافتاء جامعه بنوریه
٢٣ رجب ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
[handwritten signature]
دار الافتاء جامعه بنوریه
٢٣ رجب المرجب ١٤٣٣ھ

رئيس
دار الافتاء جامعه بنوریه العالمیة

نائب رئيس
دار الافتاء جامعه بنوریه العالمیة

دار الافتاء
١٢٨٦٣
٢٦/٦/١٤٣٣ھ
جامعه بنوریه العالمیة

[signature]
17/6/12